21883-حدیث (حبب الی من دنیاکم النساء والطیب) کیسی ہے

سوال

حدیث (حبب الی من دنیاکم النساء والطیب ، وجعلت قرة عینی فی الصلاة) مجھے تمہاری دنیا میں سے عورتیں اور خوشبو پسندیدہ بنائی گئی ہیں اور نماز میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک رکھی گئی ہے ، کا صحت کے اعتبار سے کیا درجہ ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ حدیث صحیح ہے ، امام نسائی رحمہ اللہ تعالی نے انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے بیان کی اور امام حاکم رحمہ اللہ تعالی نے (174/2) اسے صحیح کہا اور ذھبی رحمہ اللہ تعالی نے بھی موافقت کی ہے ۔

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی نے فتح الباری (15/3) اور (345/11) میں صحیح کہا ہے ۔

واللہ تعالی اعلم .